اتحاد و عمل کرتے جائیں حتیٰ کہ اللہ کے باغیوں کو پچھاڑ دیں''۔ مصنف کے مطابق اس مختصر کتاب میں ''جو جامعیت ہے' اور کہیں نہ ملے گی''--- ہماری رائے میں ''صلعم'' کے بجائے صرف ''ﷺ'' یا صلی اللہ علیہ وسلم لکھنا چاہیے۔]

☆ **۵۴ سالہ تاریخ پاکستان: امریکی سازشوں اور غیبی حفاظت کی پراسرار داستان**، احمد عرفان، شفیق الاسلام فاروقی۔ ناشر: حرا پبلی کیشنز، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۰۰۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[امریکہ کا سازشی اور گھناؤنا کردار افسوس ناک اور پاکستانی حکمرانوں کی کارکردگی شرم ناک رہی ہے۔ اسلام دشمن طاقتیں ہمیشہ مکروفریب سے کام لیتی رہیں۔ جنرل ضیا کو روس اور امریکہ نے مل کر ختم کرا دیا۔ جنرل پرویز مشرف کے نام مولف کے خطوط، اصلاح احوال کے لیے تجاویز۔]

☆ **تہذیبوں کا تقابلی مطالعہ، فکر اقبال کی روشنی میں**، عبدالمغنی۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: ۳۰ روپے۔[کلام اقبال کے حوالے سے مشرق اور مغرب کی تہذیبوں کا تقابلی مطالعہ۔ مغرب نے پوری دنیا کو جس اخلاقی بحران میں مبتلا کیا، اقبال کی دوربین نگاہوں نے بیسویں صدی کی پہلی دہائی ہی میں اس کے منفی اثرات سے اہل بینش کو آگاہ کر دیا تھا۔]

☆ **سیاحت ماجدی**، مولانا عبدالماجد دریابادی، مرتبہ: محمد راشد شیخ، ناشر: ادارہ علم و فن، ۱۰۸ بی الفلاح ملیر ہالٹ، کراچی۔ صفحات: ۳۶۰۔ قیمت: ۱۸۰۔[مولانا دریابادی کے تمام شائع شدہ سفرناموں دکن، آگرہ، جے پور، علی گڑھ، دہلی، بمبئی، بھوپال، بہار، کلکتہ، مدراس اور پاکستان (لاہور، کراچی) کو یک جا کر کے مرتب کیا گیا ہے۔ ان سفرناموں میں بھی مولانا کے اسلوب کی ادبیت، انشاپردازی، ان کا تعمیری و اصلاحی نقطۂ نظر، ان کا سوز دروں اور مسلمانوں کے لیے خیرخواہی کا جذبہ نمایاں ہے۔]

☆ **فیض الغنی**، پروفیسر محمد یعقوب شاہق۔ سدا بہار پبلی کیشنز، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۸۸۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔[آزاد کشمیر کے ایک باعمل عالم دین مولانا محمد عبدالغنیؒ کی سوانح حیات، ان کے فیوض و برکات اور ان کی اصلاحی و تبلیغی کاوشوں کا ذکر، نیز: مولاناؒ کے احباب، رفقا اور معاونین کا تذکرہ--- ابتدا میں اسلامی نظام تعلیم کے ارتقائی ادوار میں دارالعلوم دیوبند کے تاریخی کردار پر ایک تحقیقی مقالہ بھی شامل ہے۔ آزاد کشمیر کی سماجی و سیاسی زندگی اور تحریک آزادی کی جھلکیاں۔]

☆ **رفیق حج و عمرہ**، عبدالرؤف صدیقی۔ کرانیکل پرنٹرز، الطاف حسین روڈ، کراچی۔ صفحات: ۳۴۰۔ ہدیہ: ۱۰۰ روپے۔[عازمین حج و عمرہ کے لیے ایک رہنما کتاب۔ سفر کے مختلف مراحل سے متعلق ہدایات، آداب اور احتیاطیں، دعائیں مع ترجمہ۔]

☆ **خزینہ درود شریف**، مفتی محمد ارشاد القاسمی، ناشر: زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر، نزد مقدس مسجد، اردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔[''درود پاک کے دینی و دُنیاوی برکات، ثواب، اہم فضائل، آداب اور فوائد، صلوٰۃ و سلام کے مسنون و ماثور صیغے۔ چند بلند پایہ تابعین اولیا و اقطاب کے درود۔]

☆ **علامہ سید سلیمان ندوی، بہ حیثیت مؤرخ**، ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی، ناشر: خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ۔ صفحات: ۷۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔[سید سلیمان کے مختلف النوع علمی کارناموں میں سے ایک پہلو یعنی مؤرخانہ حیثیت کا جائزہ۔ بجا ہے کہ بقول مصنف وہ ایک ''بالغ نظر، دیدہ ور اور صاحب شعور مورخ تھے'' جنھوں نے تاریخ نویسی کے اصول و ضوابط پر مجتہدانہ نگاہ ڈالی۔]